SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

# سندھ آرڈیننس نمبر XXI مجریہ ۱۹۸۴

# SINDH ORDINANCE NO.XXI OF 1984

## سندھ ٹائون پلاننگ (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۸۴

# THE SINDH TOWN PLANNING (AMENDMENT) ORDINANCE, 1984

## فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)

۱۔ مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

۲۔ ۱۹۱۵ کے سندھ ایکٹ I کی دفعہ ۳ میں شرطیہ بیان کا اضافہ

Insertion of proviso to section 3 of Sindh Act I of 1915

۳۔ ۱۹۱۵ کے سندھ ایکٹ I کی دفعہ ۲۱ کی ترمیم

Amendment of section 21 of Sindh Act I of 1915

# سندھ آرڈیننس نمبر XXI مجریہ ۱۹۸۴

# SINDH ORDINANCE NO.XXI OF 1984

## سندھ ٹائون پلاننگ (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۸۴

## THE SINDH TOWN PLANNING (AMENDMENT) ORDINANCE, 1984

[۲۷ ستمبر ۱۹۸۴]

آرڈیننس جس کی توسط سے سندھ ٹائون پلاننگ ایکٹ، ۱۹۱۵ میں ترمیم کی جائے گی۔

تمہید (Preamble)

جیسا کہ وفاقی شرعی عدالت سندھ ٹائون پلاننگ ایکٹ ، ۱۹۱۵ میں کچھ ترامیم کرنے کی ہدایت کی ہے؛

اور جیسا کے سندھ ٹائون پلاننگ ایکٹ، ۱۹۱۵ میں ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہوگی؛

اب اس لیئے، پانچویں جولائی ۱۹۷۷ کے اعلان اور پرووِیزنل کنسٹیٹوشن آرڈر، ۱۹۸۱ کی روشنی میں سندھ کے گورنر نے مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے۔

مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

۱۔ (۱) اس آرڈیننس کو سندھ ٹائون پلاننگ (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۸۴ کہا جائے گا۔

(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

۱۹۱۵ کے سندھ ایکٹ I کی دفعہ ۳

۲۔ سندھ ٹائون پلاننگ ایکٹ، ۱۹۱۵ میں، (جس کو اس کے بعد بھی مذکورہ ایکٹ کہا جائے گا) اس کی

میں شرطیہ بیان کا اضافہ

Insertion of proviso to section 3 of Sindh Act I of 1915

دفعہ ۳ کے شرطیہ بیان میں آخر میں آنے والے فل اسٹاپ کو کولن سے تبدیل کیا جائے گا اور اس کے بعد مندرجہ ذیل شرطیہ بیان شامل کیا جائے گا:

"بشرطیکہ مزید یہ کہ ہر اسکیم مسجد کے لیئے پلاٹ کی گنجائش نکالے گی اور اس کی نشاندہی کرے گی۔"

۱۹۱۵ کے سندھ ایکٹ I کی دفعہ ۲۱ کی ترمیم

Amendment of section 21 of Sindh Act I of 1915

۳۔ مذکورہ ایکٹ میں، موجود دفعہ ۲۱ کو ذیلی دفعہ (۱) کا نمبر دیا جائے گا اور اس کے شرطیہ بیان کے بعد مندرجہ ذیل ذیلی دفعات شامل کیئے جائیں گے:

"(۲)جائیداد کی مارکیٹ قیمت کے علاوہ جیسے درج بالا بتایا گیا ہے، مالک کو ایسی مارکیٹ قیمت کے پندرہ فیصد برابر رقم لازمی طلبی کی صورت میں ادا کی جائے گی۔

(۳) مالک کو پندرہ فیصد سالانہ اضافی معاوضہ بھی اس دفعہ کے تحت ذیلی دفعہ (۱) کے تحت اعلان شدہ تاریخ سے معاوضہ کی ادائگی والی تاریخ تک دیا جائے گا۔"۔

**نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لئے ہے، جسے کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔**